سوال

(842)تراویح کے علاوہ فرض نمازمیں مقتدی کا قرآنِ مجید سے دیکھ کرامام کا قرآنِ مجید سننا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

تراویح کے علاوہ فرض نمازمیں مقتدی قرآنِ مجید سے دیکھ کرامام کا قرآنِ مجید سن سکتا ہے یا نہیں۔ ازروئے قرآن وحدیث جواب سے نوازیں۔ براہِ کرام مسئلہ مدلل بیان فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

میرے خیال میں شرع میں اس عمل کے جواز کا ثبوت مشکل امر ہے۔ لہٰذا اس سے احتراز کرنا چاہیے۔ قدرے تفصیل کے لیے مجموع فتاویٰ شیخ ابن باز(۳۱۰/۴) دیکھنا چاہیے۔

اور نمازِتراویح میں بھی اولیٰ ترک ہے۔ سعودی عرب کی اِفتاء کی دائمی کمیٹی کا فتویٰ رمضان وغیر رمضان میں امام کے لیے بوقت ِضرورت جہری نمازمیں جواز ہے۔ فتاویٰ: ۳۹۶/۶

لیکن فرض نمازمیں امام کے لیے قرآن سے دیکھ کر قرأت کرنے کا مسئلہ میرے نزدیک محل نظر ہے۔ کیونکہ اس سلسلہ میں امام احمد رحمہ اللہ سے سوال ہوا کہ کیا امام فرضوں میں بھی قرآنِ مجید دیکھ کر امامت کرا سکتا ہے؟ تو انھوں نے فرمایا: فرضوں میں یہ ہوتا ہے؟ یعنی فرضوں میں لمبے قیام کی کیا ضرورت ہے ایک آدھ سورت ہی کافی ہے۔ ملاحظہ ہو قیام اللیل مروزی وغیرہ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ:724

محدث فتویٰ